# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 3 کے لئے



## ٹیچر کیلئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں' جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کرائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دہرائی کرائیں' کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- گھر کا کام ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے' اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

# سیشن 1

10 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ آج جو کتاب پڑھیں گے اس کا نام **لٹو مٹو اور بلونگڑا** ہے۔
  - بچوں سے پوچھیں کہ انہوں نے اس سیریز کی کتنی کتابیں پڑھی ہیں۔
  - ان کے خیال میں بلونگڑا کسے کہتے ہیں۔
  - پھر انہیں بتائیں کہ بلونگڑا پنجابی زبان میں بلی کے بچے کو کہتے ہیں۔ ہم اکثر پیار سے بچوں کو بھی بلونگڑا کہتے ہیں۔

15 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ کون کون سے جانور پالتو ہوتے ہیں۔ پالتو اور جنگلی جانوروں کا فرق واضح کریں۔

10 منٹ
- اب expression کے ساتھ کتاب پڑھیں اور پھر 8-6 بچوں سے باری باری پڑھائی کروائیں۔
  - مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ پڑھائی کرتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیں۔
    روانی، تلفظ (pronunciation)، سمجھ کر پڑھنا

10 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کہ مختلف جانوروں کے بچوں کو کیا کہتے ہیں۔ ان کی فہرست بورڈ پر دو کولم بنا کر لکھیں۔ بچے یہ فہرست اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

| جانور | بچے |
|---|---|
| کتا | پلا |
| بکری | میمنا |
| مرغی | چوزا |
| سانپ | سنپولا |
| گائے | بچھیا/بچھڑا |

- بورڈ پر دو کولم بنائیں اور بچوں سے گفتگو کے ذریعے پالتو اور جنگلی جانور کے نام کولم میں لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

| جنگلی جانور | پالتو جانور |
|---|---|
| شیر | کتا |
| سانپ | بلی |
| گینڈا | بکری |
| چیل | طوطا |
| زرافہ | مرغی |

## سیشن 2

**10 منٹ**
- جن بچوں نے کہانی نہیں پڑھی ہے ان میں سے 6 - 5 سے کہانی پڑھوائیں۔

**10 منٹ**
- بچوں سے ان کے پسندیدہ پالتو جانور کے بارے میں پوچھیں۔ اگر کسی بچے کے پاس پالتو جانور نہیں ہے تو ان سے پوچھیں کہ وہ کون سا جانور پالنا پسند کریں گے۔ اگر کسی کو جانور نہیں پسند تو پوچھیں کیوں نہیں پسند۔

**20 منٹ**
- بچے اپنی کوپیوں میں اپنے پالتو جانور کے بارے میں پیراگراف لکھیں اور تصویر بھی بنائیں۔

  - پیراگراف لکھتے وقت مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھیں۔

  جانور کا نام کہاں سے ملا' دیکھنے میں کیسا ہے' اسے کہاں رکھتے ہیں' کیا کھلاتے ہیں' دیکھ بھال کس طرح کرتے ہیں' گھر میں کسی کو نا پسند ہے وغیرہ۔

  - اگر وقت کم ہو تو گھر سے کام مکمل کر کے لائیں۔

### ہوم ورک

**5 منٹ**
- 5 مختلف جانوروں کے بچوں کی تصویریں جمع کریں اور ان کے بارے میں کم از کم 2 جملے لکھیں۔ تصویروں کو عنوان بھی دیں۔ یہ کام سیشن 4 کے لئے مکمل کر کے لائیں۔

# سیشن 3

35 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی کتابیں اور کوپیاں نکالیں۔
- مندرجہ ذیل سوالات بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں جواب لکھیں۔

1 نوری کے کتنے بہن بھائی ہیں؟ ان کے نام لکھیں۔
2 نوری عام طور سے اسکول سے آ کر کیا کرتی ہے؟
3 بلونگڑا کے دوست کون ہیں؟
4 بلونگڑا نے اپنے دوستوں کے ساتھ کون کون سے کھیل کھیلے؟
5 لٹو اور مٹو کو فٹبال کیوں نا پسند تھا؟
6 شرمندہ ہو کر نوری لٹو اور مٹو کو کہاں لے گئی اور کیا کیا؟

## ہوم ورک

10 منٹ

- کہانی پڑھیں اور نیچے دیئے گئے الفاظ سے املا کی تیاری کر کے آئیں۔

مشغول، سکیڑی، ڈھونڈتا، پھینکا، بدبودار، شرمندہ، جھانکا، شروع، بلونگڑا، چھان بین، تصویریں، گھوڑے، مایوس، ٹکرائی، سانسیں، رنگ برنگے، پہنچ، خوشبودار، ٹہلنا، پہنے، پسینہ، سونگھتے، چھپن چھپائی

### ٹیچر کے لئے نوٹ

بچوں کو یاد دلائیں کہ سیشن 4 کے لئے جو کام سیشن 2 میں دیا گیا تھا وہ مکمل کر کے لائیں۔

# سیشن 4

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیاں نکالیں۔
  - 15 الفاظ کا املا کرائیں۔

10 منٹ
- املا کی اصلاح کرائیں۔
  - بچوں سے کہیں کہ دو دو بچے آپس میں کوپی تبدیل کریں۔
  - جن الفاظ سے املا لیا گیا تھا وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے گئے الفاظ دیکھ کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پھر کوپی ایک دوسرے کو واپس کر دیں۔
  - بچے اپنی کوپی میں غلطیوں کی اصلاح کریں۔
  - بعد میں خود بھی بچوں کی کوپی چیک کر کے نمبر دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

20 منٹ
- بچے جو جانوروں کی تصویریں لائے ہیں انہیں display کریں۔
  - 10 - 8 بچے ایک ایک کر کے اپنی تصویر کے متعلق کلاس کے دوسرے بچوں کو بتائیں۔

## ہوم ورک

5 منٹ
- گھر سے صاف موزا لائیں۔

### ٹیچر کے لئے نوٹ

سیشن 5 میں بچے موزے سے puppet بنائیں گے۔ جن کے لئے چند اشیاء کا انتظام کریں۔

- گوند
- آنکھوں کے لئے بٹن
- چند قینچیاں
- کالا اون (بالوں / داڑھی / مونچھوں کے لئے)
- چارٹ پیپر

# سیشن 5

20 منٹ

- بچوں کو بتائیں کے آج موزے کے puppet بنائیں گے۔ بچے ان کو کردار دیں اور اس کے حساب سے آنکھیں، ناک، بال وغیرہ کارڈ پیپر یا اون سے کاٹ کر لگائیں۔
  - چند موضوع بچوں سے discuss کر کے بورڈ پر لکھیں۔
  - بچے موضوع کے کردار چن کر puppet بنائیں اور اپنے کردار کو نام دیں۔
  - puppet آپس میں صفائی سے متعلق بات چیت کریں۔

25 منٹ

- 4 - 2 بچوں کے گروپ بنائیں۔ ہر گروپ موضوع کے حساب سے مکالمے سوچے اور puppet کو ہاتھ پر پہن کر ایسے بات چیت کرے جیسے puppets بول رہے ہوں۔
- بات چیت کے لئے چند موضوع یہ ہو سکتے ہیں۔
  - خلائی مخلوق زمین پر پہلی دفعہ آتی ہیں اور گندگی دیکھ کر پریشان ہو جاتی ہیں۔
  - دو بلیاں آپس میں اپنے مالک کی صفائی پر خوش ہوتی ہیں۔
  - چوہے گندگی پر خوش اور گھر والے گندگی سے بیمار ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے چوہے گھر میں آزادی سے گھوم پھر رہے ہیں۔

# سیشن 6

35 منٹ

- آج بچے اسکول میں فٹبول کا میچ کھیلیں۔ میچ کے بعد بچوں کو washroom بھیجیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ہاتھ منہ صابن سے دھوئیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ منہ اور ہاتھ دھونے کے بعد انہوں نے کیسا محسوس کیا؟ ممکنہ جواب یہ ہو سکتے ہیں۔
  - تھکن دور ہو گئی
  - گرمی کم ہو گئی
  - صاف سا محسوس کیا
- میچ کے بعد بچوں کو ہدایات دیں کہ انہیں گھر جا کر اپنے موزے دھونے ہیں۔

**ہوم ورک**

10 منٹ

- بچے اپنی کوپیوں میں موزے دھونے کا تجربہ لکھیں مثلاً:
  - کتنا پانی استعمال کیا۔
  - صابن یا washing powder استعمال کیا۔
  - موزے دھونے کے لئے کون سا برتن استعمال کیا۔
  - کیا انہوں نے کسی کی مدد لی۔ اگر لی تو کس کی اور کس طرح۔

# لٹو مٹو اور بلونگڑا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk